محمد رضوان ٹیم آف ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے کپتان نامزد

ابوظہبی، 25 جون 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹیم آف ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کا اعلان کردیا ہے۔ اعلان کردہ ٹیم میں اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز کے تین، تین جبکہ لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کے دو، دو اور کراچی کنگز کا ایک کھلاڑی شامل ہے۔

ٹیم آف ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کا انتخاب ممتاز سابق کھلاڑیوں اور موجودہ کمنٹیٹرز پر مشتمل پینل نے کیا ہے۔ اس پینل میں ڈیوڈ گاور، پومی ایمبنگوا، رمیز راجہ اور شامیر شامل ہیں۔ پینل کی سربراہی ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس اور ٹیکنکل کمیٹی کے چیئرمین ندیم خان نے کی۔

محمد رضوان کو ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل کا کپتان نامزد کیا گیا ہے۔ ان کی متاثر کن قیادت کی بدولت ملتان سلطانز نے پوائنٹس ٹیبل پر دوسری پوزیشن حاصل کی تھی۔ یہ وہی ٹیم تھی جو لیگ کے کراچی مرحلے میں پوائنٹس ٹیبل پر پانچویں پوزیشن پر موجود تھی۔

محمد رضوان نے ٹورنامنٹ کے 12 میچز میں 500 رنز بنائے۔ اس دوران انہوں نے چار نصف سنچریاں بنائیں۔ وکٹ کیپر بیٹسمین نے ایونٹ کے دوران 45.45 کی اوسط اور 127.87 کے اسٹرائیک ریٹ سے رنز بنائے۔

وکٹوں کے پیچھے 20 شکار کرنے پر محمد رضوان کو ٹورنامنٹ کا بہترین وکٹ کیپر بھی قرار دیا گیا ہے۔

محمد رضوان اب تک مجموعی طور پر اعلان کردہ ٹیم آف ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے تیسرے کپتان نامزد ہوئے ہیں۔ اس سے قبل 2019 میں سرفراز احمد اور 2020 میں شاداب خان کو ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل کا کپتان نامزد کیا گیا تھا۔

ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 میں منتخب کردہ 11 کھلاڑیوں کو ایونٹ میں ان کی عمدہ کارکردگی کی بدولت شامل کیا گیا ہے۔ آصف علی، بابر اعظم، حسن علی، شاہین شاہ آفریدی، اور وہاب ریاض دوسری مرتبہ ٹیم آف ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا حصہ بنے ہیں ۔

ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل کے دو اوپنرز پاکستان کے کپتان بابر اعظم اور افغانستان کے بیٹسمین حضرت اللہ زازئی نامزد ہوئے ہیں، جس کے بعد کولن منرو، صہیب مقصود، محمد رضوان، اور آصف علی مڈل آرڈر بیٹنگ لائن اپ کا حصہ ہوں گے ۔

باؤلنگ لائن اپ کی قیادت وہاب ریاض کریں گے۔ یہاں انہیں حسن علی، شاہین شاہ آفریدی، شاہنواز دھانی اور افغانستان کے راشد خان کا ساتھ میسر ہوگا۔

ٹیم آف ایچ بی ایل پی ایس ایل 6:

1۔ حضرت اللہ ززائی (پشاور زلمی) (5 میچز، 212 رنز، اوسط 42.40 ، اسٹرائیک ریٹ 185.96)
2۔ بابر اعظم (کراچی کنگز) (11 میچز، 554 رنز، اوسط 69.25 ، اسٹرائیک ریٹ 132.53)
3۔ کولن منرو (اسلام آباد یونائیٹڈ) (سات میچز 285 رنز، اوسط 57 ، اسٹرائیک ریٹ 169.64)
4۔ صہیب مقصود (ملتان سلطانز) (12 میچز، 428 رنز، اوسط 47.55، اسٹرائیک ریٹ 156.77)
5۔ محمد رضوان (کپتان، وکٹ کیپر) (ملتان سلطانز) (12 میچز، 500 رنز، اوسط 45.45 ، اسٹرائیک ریٹ 127.87)
6۔ آصف علی (اسلام آباد یونائیٹڈ) (12 میچز، 224 رنز، اوسط 28، اسٹرائیک ریٹ 167.16)

7۔وہاب ریاض(پشاور زلمی) (12 میچز،18 وکٹیں،اسٹرائیک ریٹ 15.67،اکانومی ریٹ 8.97)

8۔راشد خان(لاہور قلندرز)(8 میچز،1 1 وکٹیں،اسٹرائیک ریٹ 17.45 ،اکانومی ریٹ 5.46)

9۔حسن علی(اسلام آباد یونائیٹڈ)(10 میچز،13 وکٹیں،اسٹرائیک ریٹ 18.38 ،اکانومی ریٹ 6.75)

10۔شاہین شاہ آفریدی(لاہور قلندرز)(10 میچز16 وکٹیں،اسٹرائیک ریٹ 15.00،اکانومی ریٹ 7.30)

11۔شاہنواز دھانی(ملتان سلطانز) (11 میچز،20 وکٹیں،اسٹرائیک ریٹ 12.10،اکانومی ریٹ 8.42)

12۔جیمز فاکنر(لاہور قلندرز)

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4